شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

9اکتوبر2026ء

پریس ریلیز

غزہ میں اسرائیلی درندگی کے 3 سال مکمل ہونے پر 'بورڈ آف پیس' کی جانب سے جاری بیان نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ صہیونیوں کا آلہ کار ادارہ ہے۔

پاکستان اور دیگر مسلم ممالک صہیونی نواز 'بورڈ آف پیس' سے فوری طور پر علیحدہ ہوں۔

یمنی حوثیوں اور سعودی عرب کے مابین جاری جنگ نے خطہ کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔

پاکستان مسلم ممالک کی آپس کی خانہ جنگی میں فریق نہ بنے بلکہ مصالحتی کردار ادا کرے۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): غزہ میں اسرائیلی درندگی کے 3 سال مکمل ہونے پر 'بورڈ آف پیس' کی جانب سے جاری بیان نے ثابت کر دیا ہے کہ وہ صہیونیوں کا آلہ کار ادارہ ہے۔ پاکستان اور دیگر مسلم ممالک صہیونی نواز 'بورڈ آف پیس' سے فوری طور پر علیحدہ ہوں۔ یمنی حوثیوں اور سعودی عرب کے مابین جاری جنگ نے خطہ کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ پاکستان مسلم ممالک کی آپس کی خانہ جنگی میں فریق نہ بنے بلکہ مصالحتی کردار ادا کرے۔ عالمی حالات پر تبصرہ کرتے ہوئے تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے کہا کہ غزہ کے حوالے سے قائم نام نہاد بورڈ آف پیس کے آفیشل 'X' اکاؤنٹ اور بعض بین الاقوامی اخبارات میں 7اکتوبر 2026ء کو جاری بیان میں جس طرح ناجائز صہیونی ریاست اسرائیل اور غیر قانونی یہودی آبادکاروں سے اظہارِ ہمدردی کی گئی ہے جبکہ گزشتہ 3 سالوں سے غزہ میں جاری مسلسل اسرائیلی درندگی سے مکمل طور پر صَرفِ نظر کیا گیا ہے۔ پھر یہ کہ اِس عزم کا اظہار کیا گیا ہے کہ بورڈ آف پیس اسرائیل کی حفاظت کرے گا۔ اِن سب باتوں نے ثابت کر دیا ہے کہ بورڈ آف پیس درحقیقت صہیونی مقاصد کو آگے بڑھانے کا کام کر رہا ہے۔ یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی نہیں کہ صہیونی گریٹر اسرائیل کے ناپاک منصوبہ کی تکمیل چاہتے ہیں اور نیتن یاہو اِسے اپنا 'تاریخی' اور 'روحانی' مشن قرار دیتا ہے۔ امیر تنظیم اسلامی نے پُرزور اپیل کی کہ پاکستان سمیت تمام مسلم ممالک فوری طور پر بورڈ آف پیس سے علیحدہ ہوں تاکہ تاریخ میں اُن کا نام غزہ کے مسلمانوں کی نسل کُشی کے سہولت کاروں میں نہ لکھا جائے۔ ایران کے حمایت یافتہ حوثیوں اور سعودی عرب کے مابین جاری خونی جھڑپوں پر تبصرہ کرتے ہوئے امیر تنظیم اسلامی نے کہا کہ مسلمانوں کو کیا ہو گیا ہے کہ وہ سب مل کر اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھامنے اور آپس کے تفرقہ میں نہ پڑنے کے قرآنی حکم کو بھول گئے ہیں۔ اُنہوں نے کہا کہ خطے کے تمام مسلم ممالک ہوش کے ناخن لیں اور دشمن کی چالوں کو سمجھیں۔ آپس کی جنگ وجدال سے فائدہ صرف اسرائیل اور اُس کے اتحادیوں کو ہو رہا ہے۔ اُنہوں نے حکومتِ پاکستان سے اپیل کی کہ وہ خطے میں جاری جنگوں کا فریق بننے کی بجائے مسلم ممالک کے مابین مصالحت کروانے کی کوشش کرے۔ پاکستان یہ نہ بھولے کہ وہ اسرائیل کی آنکھوں میں بُری طرح کھٹکتا ہے اور اسرائیل و امریکہ چاہتے ہیں کہ پاکستان کو مسلم ممالک کی آپس کی جنگوں کی نظر کر کے کمزور کیا جائے۔ آخر میں امیر تنظیم اسلامی نے مسلم ممالک کے اتحاد و یکجہتی کے لیے دعا کی۔

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرو اشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: October 9th, 2026

The statement issued by the “Board of Peace” on the completion of three years of Israeli brutality in Gaza has proven that it is an instrument of the Zionists.

Pakistan and other Muslim Countries must immediately withdraw from the Pro-Zionist “Board of Peace”.

The ongoing war between the Yemeni Houthis and Saudi Arabia has brought the Region to the brink of destruction.

Pakistan must not become a party to conflicts among Muslim Countries but should instead play a Mediatory Role.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): Commenting on the international situation, the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, said that the statement issued on 7 October 2026 through the official X account of the so-called Board of Peace, established in connection with Gaza, and published in certain international newspapers, expressed sympathy for the illegitimate Zionist state of Israel and illegal Jewish settlers while completely ignoring the relentless Israeli brutality inflicted upon Gaza over the past three years. Furthermore, the statement expressed the Board of Peace’s commitment to protecting Israel. All this has demonstrated that the Board of Peace is, in reality, working to advance Zionist objectives. It is no secret that the Zionists seek to fulfil their nefarious Greater Israel project, which Netanyahu describes as his “historical” and “spiritual” mission.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami strongly appealed to Pakistan and all other Muslim countries to withdraw immediately from the Board of Peace so that their names are not recorded in history among those who facilitated the genocide of Muslims in Gaza. Commenting on the ongoing bloody clashes between the Iranian-backed Houthis and Saudi Arabia, the Ameer of Tanzeem-e-Islami said that it is deeply regrettable that Muslims have forgotten the Qur’anic command to hold firmly, all together, to the Rope of Allah and not become divided among themselves. He urged all Muslim countries in the region to recognize the designs of their enemies. The only beneficiaries of these mutual conflicts are Israel and its allies. He appealed to the Government of Pakistan to make efforts towards reconciliation among Muslim countries rather than becoming a party to the ongoing wars in the region. Pakistan must not forget that it is a major obstacle in Israel’s eyes and that Israel and the United States seek to weaken Pakistan by drawing it into conflicts among Muslim countries. In conclusion, the Ameer of Tanzeem-e-Islami prayed to Allah (*SWT*) for unity and solidarity among Muslim countries.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat